اس ترجمہ شدہ PDS کی بنیاد 25 اپریل 2016 کے انگریزی ورژن پر رکھی گئی ہے۔

ADB

# ایشیائی ترقیاتی بینک

## پاکستان: جلال پور آبپاشی منصوبہ PDA

| | |
|---|---|
| پراجیکٹ کا نام | پاکستان: جلال پور آبپاشی منصوبہ PDA |
| پراجیکٹ نمبر | 46528-003 |
| ملک | پاکستان |
| پراجیکٹ کی کیفیت | منظورشدہ |
| پراجیکٹ کی قسم/معاونت کا طریقہ | قرضہ |
| فنڈنگ کاذریعہ/رقم | **قرضہ: 6006۔ پاک: جلال پور آبپاشی PDA**<br>**عمومی سرمایہ کے ذرائع** 5.00ملین ڈالر |
| اسٹریٹجک ایجنڈا | جامع معاشی نمو |
| تبدیلی کے محرکات | نظم ونسق [گورننس] اور صلاحیت سازی |
| شعبہ/ذیلی شعبہ | **زراعت، قدرتی وسائل اور دیہی ترقی**-آبپاشی |
| صنفی مساوات اور مرکزی دھارے میں شمولیت | کوئی صنفی عناصر موجود نہیں |
| **تفصیل** | مجوزہ جلالپور آبپاشی منصوبہ (JIP) پنجاب، پاکستان میں واقع دریائے جہلم کے دائیں کنارے کے ساتھ واقع ہے۔ یہ پنڈ دادن خان اور خوشاب اضلاع کی 79.750 ہیکٹر اراضی پر وسیع تر زرعی پیداوار کے لیے آبپاشی کی نئی خدمات فراہم کرے گا۔ اس منصوبے سے خریف کی فصل میں 50فیصد میں اضافہ ہوگا، یہ فصل کی پیداوار کو بہتر بنائے گا اور زمین کے کٹاؤ کو بھی کم کرے گا۔ اس سے 200،000 سے زائد دیہی لوگوں کو براہ راست فائدہ ہو گا جن میں زیادہ تر غریب لوگ ہیں۔ مذکورہ پراجیکٹ (i) 200 سے زائد کلومیٹر آبپاشی کی نئی نہروں کی تعمیر کرے گا، (ii) ادارہ جاتی اصلاحات متعارف کرائے گا اور کسانوں کی تنظیمیں (FOs) قائم کرے گا، اور (iii) کسانوں کی صلاحیت سازی کرے گا۔ اس منصوبے میں ملکی آپریشنز کے کاروباری منصوبے شامل ہیں (COBP: 2013-2014) اور یہ غذائی تحفظ اور اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا نیز پراجیکٹ کے علاقے سے دیہی غربت کا خاتمہ کرے گا۔<br><br>اس منصوبے کے مثبت اثرات کے نتیجے میں پراجیکٹ کے علاقے (پنڈ دادن خان اور خوشاب اضلاع) میں وسیع تر زرعی پیداوار میسرہو گی۔ مذکورہ منصوبے کے کامیاب نتائج سے پراجیکٹ کے علاقے میں آبپاشی کے ذریعے پانی کی فراہمی اور |

| | |
|---|---|
| | زرعی معاون خدمات دستیاب ہوں گی۔ اس منصوبے کی کامیابیوں میں (i)نئی آبپاشی کی نہروں اور ملحقہ ڈھانچوں کی تعمیر، (ii) کسان تنظیموں کا قیام، (iii) زراعت کی نجی معاون خدمات (PASS) کی دستیابی اور (iv) کسانوں اور PID اور پنجاب آبپاشی و نکاسی آب اتھارٹی (PIDA)کے عملے کی صلاحیت سازی میں آنے والی بہتری شامل ہے۔ |
| پراجیکٹ کی خصوصیات اور اس کا ملکی/علاقائی حکمت عملی سے تعلق | ملکی شراکت کی حکمت عملی (CPS) (2009-2013) میں آبپاشی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی ترجیح شامل ہے۔ پاکستان کے لیےADB کے زرعی شعبے کی تشخیص (2006) میں بھی پاکستان کے آبی وسائل اور آبپاشی کے نظام کو بہتر بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ آبی شعبے کا لائحہ عمل پائیدار زرعی ترقی کو فروغ دینے کے لیے بنیادی ڈھانچے، اداروں اور زرعی پیداوار کو بہتر بنانے کی نشاندہی کرتاہے۔ وسط مدتی ترقی کے فریم ورک (2007-2012) (MTDF) کے اندازے کے مطابق آبپاشی کے شعبے کے لیے ہرسال 100 ملین ڈالر سے زائد سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت ہے۔ محکمہ آبپاشی پنجاب (PID) آبپاشی پرمبنی زراعت کی بہتری کے لیے ADB، عالمی بینک اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ پنجاب کی آبپاشی پرمبنی زراعت کے سرمایہ کاری پروگرام (PIAIP) کے لیے ADB کی 700 ملین ڈالر کی کثیر الاقساط مالیت کاری کی سہولت (MFF) 2 ملین ہیکٹر سے زائد رقبے پر مشتمل فارم زراعت اور ادارہ جاتی اصلاحات، آبپاشی کے بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈنگ کے لیے معاونت کررہی ہے۔ پنجاب نے پہلے ہی مختلف منصوبوں کے تحت 1.5 ملین ہیکٹر رقبے کو سیراب کرنے والی نہروں کا آپریشنل انتظام وانصرام FOs کو منتقل کردیا ہے۔ پنجاب نے آبپاشی کے نئے منصوبوں کے لیے MTDF 2012-15 میں9.0 بلین روپے (95 ملین ڈالر) کی رقم مختص کی ہے۔ |
| **اثرات** | |
| **پراجیکٹ کے ماحصل** | |
| **ماحصل کی تفصیل** | |
| **ماحصل کی جانب پیش رفت** | |
| **پیش رفت پر عملدرآمد** | |
| **پراجیکٹ کی کوششوں کی تفصیل** | |
| **پیش رفت پر عملدرآمد کی کیفیت [کوششیں،سرگرمیاں اور مسائل]** | |
| جغرافیائی محل ووقوع | |
| **تحفظ کی کیٹگریاں** | |

| | |
|---|---|
| ماحول | C |
| غیر رضامندانہ آبادکاری | C |
| مقامی لوگ/باشندے | C |
| **ماحولیاتی اور سماجی پہلوؤں کا خلاصہ** | |
| ماحولیاتی پہلو | |
| غیر رضاکارانہ آباد کاری | |
| مقامی لوگ/باشندے | |
| **اسٹیک ہولڈرز کا ابلاغ،شرکت اور مشاورت** | |
| پراجیکٹ ڈیزائن کے دوران | PDA کےتحت بھرتی کردہ ڈیزائن کنسلٹنٹ کاشتکاروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سے باضابطہ طورپرملاقات کریں گے۔ |
| پراجیکٹ کے عمل درآمد کے دوران | پراجیکٹ کے عملدرآمد کنسلٹنٹ آگاہی کو فروغ دیں گے، پانی کے استعمال کنندگان اور کاشتکاروں کی تنظیمیں قائم کریں گے نیز شراکتی طریقہ کار کے مطابق مشاورت کے ذریعے زراعت کی معاون خدمات فراہم کریں گے۔ |
| **کاروباری مواقع** | |
| مشاورتی خدمات | کنسلٹنٹس کے استعمال سے متعلق ADB کے رہنما اصولوں کے مطابق تمام کنسلٹنٹس کو بھرتی کیا جائے گا۔ ایک اندازے کے مطابق بین الاقوامی سطح کے4 شخص- ماہ اور قومی ماہرین کے 819 شخص- ماہ سمیت 823 شخص- ماہ پرمشتمل تین مشاورتی خدمات درج ذیل کام کے لیے درکار ہوں گی:- (i) PDA منصوبے کے انتظام اور عمل کو آسان بنانا (ii) عملدرآمد کرنے والے ادارے کی ادارہ جاتی اور منصوبہ جاتی صلاحیت کو مضبوط بنانااور (iii) کوالٹی انشورنس اور استعداد کار کے ڈیزائن کا جائزہ لینا۔ قومی مشاورتی خدمات کو ایک جیسی اسائنمنٹس کی مناسب ملکی استعداد، سیکورٹی وجوہات اور بھاری بھرکم لاگت کی وجہ سے بین الاقوامی معیار کے ماہرین کی عدم دستیابی کی وجہ سے استعمال کیا جائے گا۔ مفصل ڈیزائن کے لیے کنسلٹنسی فرم کومعیار-لاگت کی شرح 90:10 کے تناسب کے مطابق معیار اور لاگت کی بنیاد پر انتخاب (QCBS) کا طریقہ استعمال کرتے ہوئے مصروف کار کیا جائے گا۔ کنسلٹنٹ تمام اہم کاموں کے لیے اپنے بنیادی عملے کوبروئے کارلائے گا۔ کنسلٹنٹس جو اس منصوبے کی فزیبلٹی اسٹڈی کے کام میں شامل تھے،انھیں تفصیلی ڈیزائن کے لیے مقابلہ کرنے کے اہل خیال کیا جائے گا اگر وہ ایسا کرنے میں دلچسپی کا اظہار کریں گے۔ ان کی موجودہ سرگرمیوں انہیں غیر منصفانہ مسابقتی فائدہ نہیں دیں گی۔ (کنسلٹنٹس کے استعمال سے متعلق ADB کے رہنما اصولوں کا پیرا 1.12دیکھیں؛2013) |

| | |
|---|---|
| ADB **کا ذمہ دار افسر** | اختر علی |
| ADB **کا ذمہ دار محکمہ** | سنٹرل و ویسٹ ایشیا ڈیپارٹمنٹ |
| ADB **کے ذمہ دار ڈویژن** | ماحول،قدرتی وسائل و زراعت ڈویژن،CWRD |
| عملدرآمد کرنے والی ایجنسی | محکمہ آبپاشی پنجاب<br>معرفت سپریٹنڈنٹ انجینئر<br>لنک کینال سرکل، کینال بینک<br>مغلپورہ، لاہور، پاکستان |
| **نظام الاوقات** | - |
| تصوراتی خاکہ کی وضاحت | - 18جولائی 2013 |
| حقائق کی جانچ پڑتال | - 11مئی2015 تا 14مئی2015 |
| MRM | |
| منظوری | 01 فروری 2016 |
| آخری جائزہ مشن | - |
| آخری PDS اپ ڈیٹ | 30 مارچ 2016 |

قرضہ 6006 – پاک

## سنگ میل

| منظوری | دستخط | موثریت | اختتام | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | اصل | نظرثانی شدہ | حقیقتی |
| 01 فروری 2016 | 11 مارچ 2016 | 11 مارچ 2016 | 15دسمبر2017 | - | - |

**مالیت کاری کا منصوبہ** **قرضے کا استعمال**

| کل [رقم ملین ڈالر میں] | | تاریخ | ADB | دیگر | نقد فیصد |
|---|---|---|---|---|---|
| پراجیکٹ لاگت | 5.00 | مجموعی معاہدہ جات | | | |
| ADB | 5.00 | 01فروری 2016 | 2.11 | 0.00 | 42فیصد |
| ہم منصب | 0.00 | رقم کی ممجوعی تقسیم | | | |
| مالیت کاری | 0.00 | 01فروری2016 | 0.18 | 0.00 | 4فیصد |

پراجیکٹ ڈیٹا شیٹ(PDS) میں پراجیکٹ یا پروگرام کی معلومات کا خلاصہ موجود ہوتاہے: کیونکہPDS میں کام جاری ہوتاہے، اس لیے اس کے ابتدائی مسودے میں بعض معلومات شامل نہیں کی جاسکتیں لیکن جب یہ دستیاب ہوتی ہیں جو انہیں شامل کر لیاجاتاہے۔مجوزہ پراجیکٹس سے متعلق معلومات ابتدائی اور اشاراتی نوعیت کی ہوتی ہیں۔

ADB اس پراجیکٹ ڈیٹا شیٹ (PDS) میں دی گئی معلومات کو اپنے استعمال کنندگان کے لیے ایک ذریعہ کے طورپر بغیر کسی یقین دہانی کے فراہم کرتاہے۔ ADB اعلی معیار کے مندرجات فراہم کرنے کی کوشش کرتاہے لیکن جو معلومات فراہم کی جاتی ہیں وہ"جیسے ہیں "اسی کی بنیاد پر بغیر کسی قسم کی گارنٹی کے فراہم کی جاتی ہیں۔ ADBکسی بھی معلومات کی درستگی یا حتمی ہونے کے حوالےسے کسی بھی قسم کی کوئی گارنٹی نہیں دیتاہے۔